# Regional Urdu Text Bulletin, Aurangabad

Date : 02 October 2023

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی اَورنگ آباد

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲/ اکتوبر ۲۰۲۳ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ **صفائی ہی خدمت مہم بڑے پیمانے پر کامیاب ‘ صاف صفائی میں مہاراشٹر کو سب سے بہتر بنانے کی وزیر اعلیٰ کی اپیل**

☆ **مراٹھواڑہ سمیت ریاست بھر میں 16/ لاکھ سے زیادہ شہریان نے لیا صفائی مہم میں حصہ**

☆ **دیہی علاقوں میں سیاحتی مقامات کو فروغ دینے کی ضرورت ہے ‘ سابق وزیر آدتیہ ٹھاکرے**

**اور**

☆ **ایشین گیمز میں بیڑ کے اویناش سابڑے نے حاصل کیا سونے کا تمغہ** **اب خبریں تفصیل سے...**

**اب خبریں تفصیل سے...**

آج بابائے قوم مہاتما گاندھی کی 154/ویں جینتی ہے۔ ملک بھر بابائے قوم کو خراج تحسین پیش کیا جارہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو ‘ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ ‘ وزیر اعظم نریندر مودی اور دیگر معزز شخصیات نے گاندھی جی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

گاندھی جینی کی مناسبت سے کل ملک بھر میں صفائی ہی خدمت نامی مہم چلائی گئی تھی۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی معلنہ اِس مہم کو ملک بھر میں شہریان کی خوب پذیرائی حاصل ہوئی۔ شہریان نے کثیر تعداد میں بڑھ چڑھ کر اِس مہم میں حصہ لیا اور اپنے اطراف واکناف میں صاف صفائی کی۔

ممبئی میں گرگاؤں چوپاٹی کے مقام پر '' ایک تاریخ ایک گھنٹہ صفائی '' نامی ریاست گیر مہم کا وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں آغاز کیا گیا۔ اِس موقعے پر گورنر رمیش بیَس کے علاوہ دیگر سرکردہ شخصیات بھی موجود تھیں۔ بعد ازاں صحافیوں سے اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صاف صفائی کی یہ مہم صرف کاغذات تک محدود نہ رہے ' آج صفائی اور کل کچرا جیسے حالات نہ ہوں۔ اِس موقعے پر وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے صاف صفائی کے حوالے سے مہاراشٹر کو سب سے بہتر ریاست بنانے کی اپیل بھی کی ہے۔

آج سابق وزیر اعظم لعل بہادر شاستری کی بھی جینتی ہے۔ اُنھیں بھی ملک بھر میں خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی شیواجی مہاراج کے ساڑھے تین سو ویں جشن تاج پوشی کے ضمن میں کل سے ریاست بھر کے ساڑھے تین سو قلعوں میں صاف صفائی شروع کی گئی ہے۔ اِسی سلسلے میں ممبئی کے شیوڑی قلعے میں نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے صاف صفائی کا آغاز کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ قلعے ہماری شان ہے لہٰذا ہمیں انھیں صاف سُتھرا رکھنے کی کوشش کرنا چاہیے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے شاہ گنج علاقے میں نصب مہاتما گاندھی کے مجسمے کے احاطے میں کل مرکزی مملکتی وزیر خزانہ ڈاکٹر بھاگوت کراڈ اور ضلعے کے نگراں وزیر سندیپان بھومرے کے ہاتھوں صفائی مہم کا آغاز کیا گیا۔ اِس دوران سینٹرل بس اسٹینڈ ' ریلوے اسٹیشن وغیرہ علاقوں میں صفائی کی گئی۔

7

اِسی طرح سینٹرل بیوروآف کمیونیکیشن ، ضلع انتظامیہ ، میونسپل کارپوریشن ، نہرو یووا کیندر اور ڈاکٹر باباصاحیب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کےتعاون سے بدھ غاروں کے احاطے میں صاف صفائی کی گئی۔ڈاکٹر بھاگوت کراڈ کی موجودگی میں اِس مہم کا اختتام عمل میں آیا۔ اِس موقعے پرانھوں نے اپنے اطراف و اکناف میں ہرروز صاف صفائی کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ میونسپل کارپوریشن کے 30/حلقوں میں 60/مقامات پرکل صاف صفائی مہم چلائی گئی تھی۔مرکزی وزیر برائے ریلوے راؤ صاحب دانوے کے ہاتھوں اِس مہم کا آغاز کیا گیا تھا۔اِس دوران سبھی مقامات پر شرم دان ، صفائی مہم ، پلاسٹک کچراجمع کرنا اور صفائی سے معلق عوام کی معلومات میں اضافہ کیا گیا۔ ساتھ ہی موتی تالاب کے آس پاس سے کچرا اُٹھا کر موتی تالاب کوصاف کیا گیا۔

***** ***** *****

دھاراشیوضلع کلکٹر دفتر کی حدود میں بھی کل صاف صفائی مہم چلائی گئی تھی۔اِس دوران ضلع پریشد دفتر کے احاطے میں صاف صفائی کی گئی۔ اِس مہم میں ریاستی محکمہ برائے آبرسانی اور صفائی کے پرنسپل سیکریٹری سنجئے کھندارے نے بھی حصہ لیا تھا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی اورنگ آباد سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

7

بیڑ ضلع کلکٹر دفتر کی حدود میں کل صفائی مہم چلائی گئی تھی ۔ اِس دوران ضلع ہسپتال اور بس اسٹینڈ کے احاطے میں صفائی کی گئی ۔

اِس کام میں قومی شاہراہ کے متعدد انجینئرس اور افسران نیز ایس ٹی کے ڈرائیور اور کنڈیکٹرس نے کثیر تعداد میں حصہ لیا۔

اِسی طرح بیڑ بلدیہ کی چیف افسر نیتا اندھارے کی رہنمائی میں شہر کے متعدد مقامات پر صفائی کی گئی۔ اِس دوران کارپوریٹرس بھی اُن کے شانہ بہ شانہ تھے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے حمایت نگر تعلقے میں واقع جلگاؤں میں بھی کل صفائی مہم چلائی گئی تھی ۔ اِس مہم میں رکن اسمبلی مادھوراؤ پاٹل جلگاؤں کر کے ساتھ مقامی ساکنان کثیر تعداد میں شامل ہوئے تھے ۔ اِس دوران ناندیڑ میں واقع نندگیری قلعے میں صاف صفائی کو دیکھتے ہوئے ناندیڑ ضلع پولس افسر شری کرشن کوکاٹے نے نوجوانوں کی محنت اور لگن کی خوب ستائش کی ۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں بھی کل صفائی مہم چلائی گئی تھی ۔ اِس دوران جن شکشن سنستھا کی جانب سے اوسا تعلقے کے اُجنی میں صاف صفائی کی گئی ۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع کلکٹر دفتر کی حدود میں کل صفائی مہم چلائی گئی ۔ یہ مہم شہر کے گنپتی چوک ، شنی وار بازار ، نوتن کالج ، درگاہ حضرت طراب الحق ؒ ، میونسپل کالونی اور خواتین کے ہسپتال کے احاطے میں صاف صفائی کی گئی ۔

***** ***** *****

7

ہنگولی ضلعے کے آکھاڑا بالا پور گرام پنچایت کی جانب سے صاف صفائی کے لیے کل شرم دان کیا گیا۔ اِس دوران نرسی نامدیو ندی کے کنارے صاف صفائی کی گئ۔ اِس موقعے پر رکن اسمبلی سنتوش بانگر ' دیہی ترقیاتی افسر رُدراجی شرساگر ' گرام پنچایت کے ملازمین اور دیہی ساکنان کثیر تعداد میں موجود تھے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر کے تمام اضلاع ' تعلقوں اور دیہاتوں میں سیاحتی مقامات موجود ہیں۔ اُن کو فروغ دینے کی ضروری ہے۔ سابق وزیر آدتیہ ٹھاکرے نے یہ بات کہی ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں بھارتیہ ٹور آپریٹرس تنظیم کی 38 / ویں سالانہ کانفرنس میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ اُن کا موضوع تھا '' سیاحت کے نقطہ نظر سے مہاراشٹر کی دریافت ''۔ اپنی تقریر میں آدِتیہ ٹھاکرے نے کہا کہ مہاراشٹر کی سیاحت کو فروغ ملنے سے ملک کی ترقی ہوگی۔

***** ***** *****

انسان اپنی غلطیوں سے سیکھتا ہے لیکن غلطیوں کو دہرانا نہیں چاہیے۔ جلگاؤں کے رینچو ٹیکنکل اسکول کے بانی جہانگیر شیخ نے یہ بات کہی ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ویدھ پریشد میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ اِس موقعے پر معروف ماہر نفسیات ڈاکٹر آنند ناڈکرنی نے جہانگیر شیخ ' نشانے باز تیجسونی ساوَنت ' فوٹوگرافر پرساد پوار اور مہمات جو چنتن ویشنو سے بات چیت کر کے اُن کے سفر حیات کو اُجاگر کیا۔ یہ پروگرام ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں منعقد کیا گیا تھا۔ اِس تقریب میں اسکولی طلباء بھی کثیر تعداد میں موجود تھے۔

***** ***** *****

چین میں کھیلے جا رہے ایشین گیمز میں کل آٹھویں دن بھارت نے 2 / سونے کے تمغے اور 2 / چاندی کے تمغے حاصل کیے ہیں ۔ اِس میں بیڑ کے اویناش سابڑے نے 3 / ہزار میٹر اسٹیپل چیلنج مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ۔ اِسی طرح مردوں کے شاٹ پُٹ تھرو میں تیجندر پال نے بھی سونے کا تمغہ حاصل کیا ۔

دوسری جانب خواتین کی 1500 / میٹر دوڑ میں ہرمِلن بینس نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا اِسی طرح گولف میں آدِتی اشوک نے بھی چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

***** ***** *****

خوش گوار زندگی گزارنے کے لیے بزرگ شہریان اپنے معمولات زندگی جیسے وقت پر سونا ' بہترین متوازن خوراک ' ورزش اور بہترین صحبت اختیار کریں ۔ لاتور میں واقع ولاس راؤ دیشمکھ میڈیکل کالج کے ماہر نفسیات ڈاکٹر آشیش چن پورے نے یہ اپیل کی ہے ۔

***** ***** *****

آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ صفائی ہی خدمت مہم بڑے پیمانے پر کامیاب ' صاف صفائی میں مہاراشٹر کو سب سے بہتر بنانے کی وزیر اعلیٰ کی اپیل

☆ مراٹھواڑہ سمیت ریاست بھر میں 16 / لاکھ سے زیادہ شہریان نے لیا صفائی مہم میں حصہ

☆ دیہی علاقوں میں سیاحتی مقامات کو فروغ دینے کی ضرورت ہے ' سابق وزیر آدتیہ ٹھاکرے

اور

☆ ایشین گیمز میں بیڑ کے اویناش سابڑے نے حاصل کیا سونے کا تمغہ

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل آکاشوانی سماچار اورنگ آباد
Aurangabad AIR News پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆